# E-AUCTION نوٹس

## تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن درگئی۔ (پہلی بار)

عوام الناس کی اطلاع کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ صوبائی حکومت کی پالیسی موصولہ از لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا بمطابق چھٹی نمبر AO-II/LCB/6-11/2026 محررہ 07/05/2026 کے مطابق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن درگئی اپنے درجہ ذیل آمدنی کے ٹھیکہ جات برائے میعاد ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 تک E-Auction کے ذریعے نیلام عام کرانا چاہتی ہے۔ آن لائن بولی تین دن یعنی بروز پیر تا بروز بدھ صبح 09:00 بجے سے لیکر دن کے 04:00 بجے تک ہوگی۔ بولی کے خواہشمند افراد/فرم وغیرہ اپنی بولی/آفراس ویب سائٹ http://www.eauction.lcbkp.gov.pk یا http://www.cfmis.lgkp.gov.pk پر دے سکتے ہیں۔

نیلامی ٹھیکہ جات میں بولی کیلئے تین دن یعنی 1 کم جون 2026 تا 3 تین جون 2026 تک مقرر کی گئی ہیں۔ خواہشمند افراد/فرمز/ٹھیکہ دار حضرات جو سال 27-2026 کیلئے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا کے ساتھ متعلقہ کلاس میں باقاعدہ رجسٹرڈ ہو، بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ بولی دینے سے قبل خواہشمند حضرات CDR اور اپنے کوائف نیلامی کی تاریخ سے دو دن قبل درجہ ذیل ویب سائٹ پر اندراج کرینگے۔ غلط کوائف اور بوگس CDR جمع کرانے پر بلیک لسٹ کیا جائیگا۔ خواہشمند حضرات نیلامی کے اختتام پر سب سے زیادہ نرخ/بولی پیش کرنے والا ٹھیکیدار اگلے تین دن کے اندر اندر 5% زرضمانت اور 15% ایڈوانس ٹی ایم اے درگئی کیساتھ جمع کرے گا اور دفتر ہذا کے ساتھ تمام کوائف پورے کر کے 7 دن کے اندر اندر تحریری معاہدہ نامہ طے کرنے کا پابند ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کیا جائیگا اور جمع شدہ زربیعانہ بحق TMA درگئی ضبط کر کے ٹھیکیدار/فرم کا لائسنس بلیک لسٹنگ اور مزید کاروائی کیلئے صوبائی حکومت کو بھیجا جائیگا۔ سال میں ایک دفعہ وصول ہونے والے ٹیکس ٹھیکہ کی منظوری کی صورت میں کل ٹھیکہ کی 50% رقم ایڈوانس جمع کرنی ہوگی اور بقیہ 3 اقساط میں جمع کروانا لازم ہوگی۔ ٹھیکہ جات پر صوبائی و مرکزی حکومت کی طرف سے موجودہ اور وقتاً فوقتاً آنے والے شرائط لاگو ہونگے۔ تمام ٹھیکہ جات پر انکم ٹیکس، KAPRA ٹیکس وغیرہ قانون کے مطابق لاگو ہونگے۔ تمام ٹھیکہ جات کیلئے الگ الگ کال ڈیپازٹ جمع کرانے ہونگے۔ تمام ٹھیکہ جات پر شرائط ٹھیکہ جات بروئے صوبائی حکومت چھٹی نمبر AO-II/LCB/6-11/2026 مورخہ 07-05-2026 لاگو ہونگے۔ دیگر تفصیلی شرائط و ضوابط اور شیڈول ٹھیکہ جات دفتری اوقات کار میں تحصیل آفیسر، ریگولیشن TMA درگئی میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

**نوٹ: ڈیفالٹر اور بلیک لسٹڈ ٹھیکیداران/افراد/فرم وغیرہ بولی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہونگے۔**

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | میعاد ٹھیکہ | سرکاری بولی | زر بیعانہ / کال ڈیپازٹ | تاریخ نیلامی E-Auction وقت مقررہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | بس آڈہ درگئی | از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 | 21536000 روپے | 1080000 روپے | 01-06-2026 تا 03-06-2026 پیر صبح 08:00 بجے تا بدھ شام 04:00 بجے تک |
| 2 | ٹرک آڈہ درگئی | ایضاً | 9164000 روپے | 465000 روپے | ایضاً |
| 3 | میلہ مویشیان درگئی | ایضاً | 11500000 روپے | 580000 روپے | ایضاً |
| 4 | میلہ مویشیان سخاکوٹ | ایضاً | 9405000 روپے | 475000 روپے | ایضاً |
| 5 | روڈ سائیڈ سائن بورڈ | ایضاً | 1000000 روپے | 50000 روپے | ایضاً |
| 6 | سوزوکی پارکنگ سخاکوٹ | ایضاً | 1465000 روپے | 75000 روپے | ایضاً |
| 7 | پبلک لیٹرین سخاکوٹ | ایضاً | 209000 روپے | 10500 روپے | ایضاً |
| 8 | مذبحہ خانہ درگئی فیس | ایضاً | 120000 روپے | 6000 روپے | ایضاً |
| 9 | مذبحہ خانہ سخاکوٹ فیس | ایضاً | 81000 روپے | 4500 روپے | ایضاً |

المشتہر: تحصیل آفیسر (ریگولیشن)، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، درگئی

بحکم: تحصیل میونسپل آفیسر، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، درگئی

INF(P) 2216/26

**NOTIFICATION.**

No. AOII/LCB/6-11/2026. The Chairman, Local Council Board, Khyber Pakhtunkhwa, is pleased to approve the following **Terms of Reference for the E-Auction of Revenue Contracts of all Local Councils** in Khyber Pakhtunkhwa for the Financial Year **2026–2027** (from 01.07.2026 to 30.06.2027).

2- All Local Councils are hereby directed to strictly adhere to the following TORs: -

**TERMS OF REFERENCE/CONDITIONS FOR E-AUCTION OF REVENUE CONTRACTS (FY 2026–27):**

1. The e-auction process for the e-auction of revenue contracts shall commence from **07th May, 2026** for the financial year 2026–27, across all Local Councils through the **E-Baldia/e-auction System**, after open advertisement published through the Information Department.
2. All Local Councils shall follow a **uniform e-auction schedule**. The auction process shall be conducted for **three (03) consecutive working days, from Monday to Wednesday**, between **09:00 AM and 04:00 PM**.
3. Only duly registered contractors with the Local Council Board, Peshawar, as per prescribed category shall be eligible to participate in the e-auction process.
4. The contractor shall upload their **eligible CDRs two(02) days prior to last date of the auction date** scheduled for auction, of the said contract.
5. Where a reasonable highest bid is received, reflecting a substantial increase i.e **Ten percent (10%)** over the last year revenue/bid, the highest bidder shall deposit **15% advance** and **5% security** within **three (03) days** into the account of the Local Council concerned.
6. In case no bid is received during the first attempt, a fresh advertisement shall be issued. The process shall continue until an increase as mentioned at s#5 above, over the previous year's approved bid/income is achieved.
7. The concerned Administrator/Chairman shall ensure **fair and transparent competition** among bidders.
8. Each contractor/firm intending to participate shall deposit **earnest money equivalent to 5%** of the previous year's total income in favor of the concerned Local Council prior to participation. Earnest money of unsuccessful bidders shall be released upon completion of the auction process within **07(seven) days**.
9. Upon conclusion of the e-auction, the successful bidder shall be considered the **provisional awardee**. The concerned Tehsil Municipal Administration (TMA)/CMPG shall complete all formalities, including execution of the agreement deed, within **seven (07) days** accordingly.
10. The successful bidder shall furnish **two guarantors** possessing immovable property equivalent to the contract amount, duly attested by a First-Class Magistrate.
11. Failure to deposit the advance amount or execute the agreement within the stipulated time shall result in **automatic cancellation of the bid** and **forfeiture of earnest money** in favor of the concerned Local Council. The contract may then be offered to the second-highest bidder at the rate of bid offered by the highest/successful bidder.

CS C

CS Scanned with CamScanner

12. For contracts involving annual collection of fees/taxes, the contractor shall deposit **50% of the contract amount in advance**, while the remaining 50% shall be paid in **three equal installments** within the financial year.

13. Monthly installments must be deposited on or before the **5th day of each month**. Delay shall result a **2% penalty up to the 10th day**, after which 03(three) consecutive notices shall be issued. Non-compliance may lead to cancellation of the contract by the **15th day** of the same month.

14. All applicable **Federal and Provincial taxes, duties, and levies** shall be borne by the contractor.

15. The approved **Schedule of Rates** shall be prominently displayed at all collection points to ensure public awareness and transparency in the public interest.

16. In case of violation of any term or condition, the Local Council shall issue 3(three) consecutive notices on weekly basis for rectification. Failure to comply may result in **cancellation of the contract**, forfeiture of deposits, and recommendation for **blacklisting**.

17. If excess fees/taxes are charged or the approved schedule is violated, the contractor/firm and responsible staff shall be liable to a penalty of up to **eleven(11) times** the amount overcharged.

18. A **Complaint/Suggestion Box** shall be installed at prominent locations (e.g., GBS, Cattle Fairs) by the concerned local councils/CMG, Peshawar, and a proper record of complaints shall be also maintained and addressed by concerned TMA/CMG, Peshawar accordingly.

19. No remission, relaxation, or reduction in the contract amount shall be allowed under any circumstances.

20. The contract shall **not be sublet, transferred, or assigned**. In case of withdrawal or failure to continue, the contract shall be cancelled at the contractor's **risk and cost @ not less than 10% of the contractual amount**.

21. In case of any dispute between the contractor and the Local Council regarding contract or any other matter, the respective **Regional Municipal Officer (RMO)** will do arbitration and whose decision will be **final and binding**.

22. Contracts shall be awarded for **one financial year (2026–2027)** with a minimum increase of **ten percent (10%)** over the previous year's income.

23. If contracts cannot be auctioned despite repeated advertisements, the concerned TMO/DG CMPG, shall submit a justified case to the respective RMO. A committee comprising of **RMO (Chairman), TMO/DG,CMG, TO(R), TO(F), and ATOR** shall determine the reserve bid on the basis of last three(03) year's income or bid amount of said source, which shall be advertised by the TMO/DG, CMG, after due process.

24. Any violation of these instructions by Local Council officials shall be treated as **misconduct and inefficiency**, and action shall be taken under the **LCS-PUGF Service (E&D) Rules, 1980.**

25. Participation in the e-auction process through the **E-Baldia/e-auction system** shall constitute **acceptance** of all above mentioned terms and conditions and abided by contractors.

26. Any attempt to **collude with bidders, manipulate bids, or influence officials** shall result in strict legal action, including **disqualification and blacklisting.**

**Sd/....**
**CHAIRMAN,**
**LOCAL COUNCIL BOARD,**
**KHYBER PAKHTUNKHWA.**

CS Scanned with CamScanner

**<u>شرائط نیلام بذریعہ E-Auction بس آڈہ درگئی، برائے سال 2025-26 ، از یکم جولائی 2025 تا 30 جون 2026 تک</u>**

(1) ٹھیکہ ہذا کی میعاد ایک سال از یکم جولائی 2025ء سے شروع ہو کر 30 جون 2026ء کو ختم ہوگی۔

(2) وہ ٹھیکیدار، افراد، فرم بولی دینے کے اہل ہونگے جنہوں نے سال 2025-26 کے لئے LCB سے کم از کم C کلاس رجسٹریشن /لائسنس کی ہو۔

(3) E-Auction میں حصہ لینے کے لئے مبلغ دس لاکھ اسی ہزار -/1080000 روپیہ زر بیعانہ بصورت کال ڈیپازٹ /بینک ڈرافٹ بنام تحصیل میونسپل آفیسر /ایڈمنسٹریٹر، ٹی ایم اے درگئی بنوا کر محکمہ ہذا کے ویب سائٹ eauction.lcbkp.gov.pk یا http://cfmis.lgkp.gov.pk پر آن لائن بولی (E-Auction) میں حصہ لینے کے مجاز ہونگے۔

(4) ٹی ایم اے درگئی کے باقیداران، ان کے شراکت دار، کارندے یا نمائندے بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہیں اور نہ وہ ٹھیکیدار جسے حکومت خیبر پختونخواہ نے بلیک لسٹ کیا ہو۔

(5) کامیاب بولی دہندہ یہ بات نوٹ کرے کہ دوران ٹھیکہ یا بعد میں قدرتی، ناگہانی آفات یا دیگر کسی قسم کے ہڑتال کی صورت میں مالیت ٹھیکہ میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔

(6) کامیاب بولی دہندہ TMA درگئی ٹیکس شیڈول کے مطابق ٹیکس وصولی کا خود ذمہ دار ہوگا اگر وہ ٹیکس کی میں ناکام رہا تو اس کیلئے حکومت یا ٹی ایم اے درگئی ذمہ دار نہ ہونگے۔

(7) مجاز اتھارٹی تحصیل میونسپل آفیسر /ایڈمنسٹریٹر درگئی کو اختیار ہوگا کہ معقول وجہ سے کوئی بھی بولی منظور یا نامنظور کرے۔

(8) کامیاب بولی دہندہ اگلے تین (03) دن کے اندر اندر دفتری اوقات کار میں 5% فیصد زر ضمانت بشکل کال ڈیپازٹ اور 15% ایڈوانس رقم جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی بولی منسوخ کی جائے گی۔ اور جمع شدہ 5% زر بیعانہ بحق ٹی ایم اے درگئی ضبط کی جائے گی۔ مزید برآں صوبائی حکومت (لوکل کونسل بورڈ) کو پہلے سے جمع شدہ سیکیورٹی ضبط کرنے کی سفارش بھی کی جائے گی۔ اور ساتھ ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ بھی کیا جائے گا۔

(9) مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد کامیاب بولی دہندہ سات (7) دن کے اندر اندر TMA درگئی کیساتھ ایک معاہدہ /ایگریمنٹ تحریر کریگا جو کہ ٹی ایم اے درگئی بمطابق پالیسی گائیڈ لائینز خود تیار کریگا۔ جسکے جملہ اخراجات کامیاب بولی دہندہ برداشت کرے گا۔

(10) کامیاب بولی دہندہ /ٹھیکیدار مالیت ٹھیکہ کی مناسبت سے بمطابق قواعد و ضوابط انکم ٹیکس، KAPRA ٹیکس اور دیگر ٹیکسز دفتر ہذا کو جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

(11) کامیاب بولی دہندہ 20 فیصد رقم منہا کئے بغیر کل ٹھیکہ کو 11 مساوی اقساط ماہوار میں ٹی ایم اے درگئی کے فنڈز میں جمع کرے گا۔ جبکہ پیشگی رقم معاہدہ کی عدم خلاف ورزی کیصورت میں آخری اقساط میں مجرا کیا جائیگا۔

(12) ٹھیکیدار پر ماہانہ قسط ہر مہینے کی آخری تاریخ کو واجب الادا ہوگا۔ ماہانہ قسط ہر مہینے کے 05 تاریخ یا اس سے پیشتر لازمی جمع کرنا ہوگا اگر بولی دہندہ /ٹھیکیدار ماہوار قسط اگلے مہینے کی 05 تاریخ تک جمع کرنے میں ناکام رہا تو وہ 10 تاریخ تک ماہوار قسط کیساتھ دو فیصد رقم روزانہ کے حساب سے جرمانہ بھی ادا کرے گا۔ اگر وہ مہینے کی 10 تاریخ تک قسط بمعہ جرمانہ ادا کرنے میں ناکام رہا تو مسلسل تین نوٹس جاری کیے جائینگے اور ان نوٹس ہائے کے غیر پیروی کی صورت میں اسی مہینے کے 15 تاریخ کو بمطابق پالیسی گائیڈ لائینز ٹھیکہ منسوخ کی جائے گا اور داخل شدہ رقوم بحق دفتر ہذا ضبط کرے گا۔ ٹھیکہ منسوخ کر کے دوبارہ نیلامی یا محکمانہ طور پر چلانے کی صورت میں اگر ٹی ایم اے کو خسارہ ہو جائے تو خسارہ بولی دہندہ /ٹھیکیدار کے ذاتی جائیداد منقولہ و غیر منقولہ سے وصول کیا جائے گا۔

(13) تحصیل میونسپل آفیسر، تحصیل آفیسر (ریگولیشن)، ٹی ایم اے درگئی یا ان کے طرف سے ٹیکیشن برانچ کا نامزد کردہ اہلکار مجاز ہے۔ کہ وہ کسی بھی وقت ٹھیکیدار کے رسیدات اور کھاتہ وغیرہ جانچ پڑتال کریں اگر دوران ٹھیکہ، ٹھیکیدار کسی قسم کے غلطی کا مرتکب ہوا تو ٹی ایم او / ایڈمنسٹریٹر درگئی مجاز ہے۔ کہ وہ مجاز آفسران کی تحریری رپورٹ پر ٹھیکیدار کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائے جس میں جرمانہ کے علاوہ ٹھیکہ کی منسوخی بھی شامل ہے۔

(14) اگر ٹھیکیدار نے شرح سے زیادہ ٹیکس وصولی کی اور یہ ثابت ہو جائے تو تحصیل میونسپل آفیسر اور تحصیل آفیسر (ریگولیشن) کو حق حاصل ہے۔ کہ وہ ٹھیکیدار کو اضافی وصول شدہ پر گیارہ گنا جرمانہ کرے۔

(15) کامیاب بولی دہندہ /ٹھیکیدار اسٹیشنری کی استعمال شدہ کتابیں ٹی ایم اے کے حوالہ کریگی۔

(16) بس اڈہ درگئی کے شیڈول میں ٹھیکیدار کو رد و بدل کا حق حاصل نہ ہوگا۔ اگر دوران ٹھیکہ شرح میں اضافہ کیا گیا تو اضافی رقم ٹی ایم اے فنڈ میں جمع کیا جائیگا۔

(17) کامیاب بولی دہندہ سات دن کے اندر اندر سٹامپ پیپرز پر رقم ٹھیکہ کے برابر ضمانت نامہ جو درجہ اول مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ ہو۔ ٹی ایم اے کیساتھ جمع کرے گا۔

CS Scanned with CamScanner

جس میں ضمانت دی گئی ہو کہ کامیاب بولی دہندہ کل رقم ٹھیکہ وقت پر جمع کرے گا۔ بصورت دیگر ضامنان آدائیگی کے ذمہ دار ہونگے۔

(18) ٹھیکدار، ٹھیکہ کا منظور شدہ شرح نامہ بس اڈہ درگئی کے ایک مخصوص جگہ پر لوگوں کے اطلاع کیلئے چسپاں کرے گا۔ عدم تعمیل کی صورت میں کونسل ہذا ٹھیکدار مذکورہ کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھیگا۔

(19) ٹھیکہ دار، ٹھیکہ ہذا کسی دوسرے شخص / ٹھیکہ دار یا فرم کو منتقل نہیں کرے گا۔ اگر ٹھیکہ دار ٹھیکہ چلانے کا خواہشمند نہ ہو تو ٹھیکہ ہذا منسوخ کیا جائے گا۔ اور اسے متعلقہ ٹھیکہ دار کے ذمہ داری پر دوبارہ نیلام کیا جائیگا۔ اور معاہدہ حسب قاعدہ زیادہ بولی دہندہ کیساتھ کیا جائیگا۔ نہ کہ اس کے شراکت دار یا نمائندے کیساتھ۔

(20) اگر کوئی شخص ٹیکس چرانیکی کوشش کرے اور چوری ثابت ہو جائے تو ٹھیکہ دار کو حق حاصل ہے کہ وہ اس شخص پر گیارہ گنا جرمانہ عائد کر کے بمعہ ٹیکس وصول کرے۔

(21) ٹھیکدار مختص احاطہ برائے بس اڈہ درگئی کے علاوہ کسی اور مقام پر ٹیکس وصول کرنیکا مجاز نہ ہوگا۔

(22) حکومت کی طرف سے نیلامی بذریعہ E-Auction ٹھیکہ جات کے سلسلے میں جو بھی ہدایات جاری ہوں گے بولی دہندہ گان / کامیاب بولی دہندہ اس کے پابند ہوں گے۔ اور اسے کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جائے گا۔

(23) اگر دوران ٹھیکہ بس اڈہ درگئی کسی اور مقام کو منتقل کرنا پڑی۔ تو اس پر ٹھیکہ دار کو کوئی اعتراض نہ ہوگا۔ بس اڈہ درگئی کے منتقلی کیصورت میں اگر ٹیکس کی وصولی متاثر ہوئی تو اسکی ذمہ داری سے ٹی ایم اے، درگئی مستثنیٰ ہوگی۔

(24) حکومت کیطرف سے وقتاً فوقتاً جو ہدایات بدوران ٹھیکہ جاری ہو جائے ٹھیکہ دار اس کا پابند ہوگا۔ خلاف ورزی کیصورت میں ٹی ایم او / ایڈمنسٹریٹر، ٹی ایم اے درگئی کو اختیار ہوگا۔ کہ وہ ٹھیکہ منسوخ کر کے زرضمانت اور پیشگی رقم بحق ٹی ایم اے فنڈ ضبط کرے اور ٹھیکہ دار / فرم کو بلیک لسٹ کر کے اس کا رجسٹریشن منسوخ کیا جائے گا۔

(25) اوپر دئے گئے شرائط میں کسی بھی شرط کی خلاف ورزی کیصورت میں ٹی ایم اے مجاز ہے، کہ وہ ٹھیکہ دار کے پیشگی داخل کردہ رقم بمعہ زرضمانت ضبط کر کے ٹھیکہ منسوخ کرے اس پر اسے کسی قسم کا اعتراض کا حق نہ ہوگا۔

(26) ملاکنڈ ڈویژن سے تعلق نہ رکھنے والے کامیاب بولی دہندہ گان حکومت کی وضع کردہ پالیسی کے تحت ماہوار قسط کے ساتھ انکم ٹیکس بھی ادا کرنے کا پابند ہوگا جبکہ دیگر ٹیکسز جو وفاقی اور صوبائی حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری ہونگے، بھی جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

(27) ٹھیکدار بمطابق ٹیکس شیڈول شرح فیس وصول کرنے کا پابند ہوگا۔

تحصیل آفیسر ریگولیشن،
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، درگئی

تحصیل میونسپل آفیسر،
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، درگئی

CS Scanned with CamScanner